
# پراسپکٹس

## 2026-2027



گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائنز
شیخوپورہ

www.gcbskp.edu.pk gcb.sheikhupura@gmail.com Phone: +92-56-3783030



پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم اشرف (پرنسپل)



# پروفیسر ڈاکٹر نوید احمد گل

(پوسٹ ڈاک)

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | سیریل نمبر |
|---|---|---|
| 2 | پرنسپل کا پیغام | 1 |
| 3 | تعارف گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ | 2 |
| 4-9 | اساتذہ کرام | 3 |
| 10-13 | داخلے کا طریق کار | 4 |
| 14-15 | مضامین کا انتخاب / انٹرمیڈیٹ/ بی ایس (چار سالہ پروگرام) | 5 |
| 16 | تفصیل واجبات برائے انٹرمیڈیٹ | 6 |
| 17-18 | تفصیل واجبات ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کامرس/ بی ایس (چار سالہ پروگرام) | 6 |
| 18-24 | کالج کے قواعد وضوابط | 7 |
| 21 | ہاسٹل میں داخلہ کے قواعد وضوابط/ واجبات | 8 |

# پرنسپل کا پیغام

عزیز طلبہ!

میرے لیے یہ بات نہایت خوشی کا باعث ہے کہ آپ نے اپنی تعلیم کے لیے ایک عمدہ ادارے کا انتخاب کیا ہے۔ حصول علم قومی فریضہ کے ساتھ ساتھ مذہبی فریضہ بھی ہے جس کا ہمیں قرآن و حدیث میں اللہ اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا ہے۔ موجودہ زمانے میں معاشی، معاشرتی، علمی اور سائنسی ترقی کے بغیر خوشحال اور ترقی یافتہ قوم بننے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہمیں علم و ادب اور ٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی یافتہ اقوام کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

قوموں کی تعمیر و ترقی میں علم کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ترقی یافتہ اقوام علم و ہنر کے بل بوتے پر ہی دنیا پر حکمرانی کر رہی ہیں اور تمام ترقی پذیر اقوام ان کی دست نگر ہیں۔ علمی فوائد کو شمار میں لانا ممکن نہیں۔ مقابلے کی اس دنیا میں علمی طور پر مستحکم قوم کی بہت زیادہ اہمیت ہے کیونکہ تمام مسائل کو حل کرنے کا یہ واحد وسیلہ ہے۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ نہ صرف متوسط بلکہ نادار طبقہ کو بھی بہترین اور معیاری تعلیم فراہم کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ غریب اور مستحق طلبہ کو تعلیمی اخراجات کے لیے مالی امداد اور فیس میں رعایت بھی فراہم کی جاتی ہے۔

مجھے امید ہے کہ میرے بیٹے اور بیٹیاں نہ صرف اپنے عرصہ تعلیم کے دوران میں بلکہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد بھی اس ادارے کے تقدس کا خیال رکھیں گے اور ادارے کی نیک نامی میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔

اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم اشرف
پرنسپل

# تعارف
## گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ

گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ صوبہ پنجاب کے وسطی ضلع شیخوپورہ میں ضلع کچہری کے نزدیک سرگودھا روڈ پر کینال ریسٹ ہاؤس کے عقب میں واقع ہے۔ ضلعی صدر مقام کا یہ کالج ایک مکمل، جامع اور جدید خطوط پر استوار اہم درسگاہ ہے جو 1959ء سے شہر شیخوپورہ اور مضافات کے تشنگانِ علم کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کر رہی ہے۔ کالج ہذا ڈگری کالج کی حیثیت میں قائم ہوا اور مختلف اوقات میں اس کے نام تبدیل ہوتے رہے جن میں گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج اور حال میں گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ ہیں۔ کالج ہذا نے اپنے تعلیمی سفر کا آغاز 11 اگست 1959ء کو ڈگری کالج کی حیثیت سے کیا جس کے لیے حکومت پنجاب نے 376 کنال کراؤن لینڈ مختص کی۔ 1971ء میں گورنمنٹ انٹر کالج شیخوپورہ کو ڈگری کالج میں ضم کر دیا گیا۔ گورنمنٹ انٹر کالج کے گورنمنٹ ڈگری کالج میں انضمام کے بعد انٹر کالج کی عمارت گورنمنٹ گرلز کالج کے لیے مختص کر دی گئی۔ گورنمنٹ ڈگری کالج کے لیے مختص شدہ 376 کنال کراؤن لینڈ پر چند سال میں دیدہ زیب عمارت تعمیر ہوئی۔

شہر کے وسط میں یہ کالج خوبصورت درختوں اور سبزہ زاروں میں گھرا ہوا ہے جو کشادہ عمارت، کھیل کے کھلے میدانوں، پرفضا علمی و ادبی ماحول، سائنسی آلات سے مزین تجربہ گاہوں کشادہ ہوسٹل اور مسجد پر مشتمل ہے۔ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ، شہر اور مضافات کے طلبہ کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کی واحد معیاری درسگاہ ہے۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ علمی و ادبی سرگرمیوں اور کھیل کا بھی اعلیٰ معیار قائم ہے۔ کالج میں کھیلوں کے فروغ کے لیے سپورٹس بورڈ قائم ہے جبکہ طلبہ کی تخلیقی اور ادبی سرگرمیوں کو جلا دینے کے لیے بزم شیرانی، بزم علوم اسلامیہ، نظریہ پاکستان سوسائٹی، سائنٹفک سوسائٹی، بزم اقبال اور اکنامکس / کامرس / بلڈ ڈونرز کلب جیسی سوسائٹیز موجود ہیں۔ کالج انٹرمیڈیٹ کی سطح پر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور سے جبکہ ڈگری کی سطح پر یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور سے الحاق شدہ ہے۔ 1998ء سے یہاں پر ایم اے کی کلاسز شروع ہوئیں۔ ابتداء میں ایم اے انگلش اور ایم اے سیاسیات کا آغاز ہوا اس کے بعد 2012ء میں ایم اے اکنامکس اور بی کام کی کلاسز کا اجراء ہوا۔ 2013ء میں ایم اے اُردو، ایم اے اسلامیات اور ایم ایس سی ریاضیات کا آغاز ہوا۔ 2016ء میں محکمانہ منظوری کے بعد کالج میں پانچ بنیادی سائنس مضامین میں چار سالہ پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ ان پانچ مضامین میں فزکس ، کیمسٹری ، زوالوجی ، ریاضی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی شامل ہیں ۔ 2020ء میں بی ایس کی سطح پر مزید پانچ مضامین کا اضافہ ہوا جن میں اُردو ، اسلامیات ، انگلش ، سیاسیات اور معاشیات کے مضامین شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مذکورہ بالا مضامین میں سیکنڈ شفٹ کی کلاسز بھی جاری ہیں۔ بی ایس کی سطح پر طلباء کے ساتھ ساتھ طالبات کو بھی داخلہ دیا جاتا ہے۔ 2022ء میں پانچویں سمسٹر میں بی ایس انگلش ، اُردو اور اسلامیات میں داخلہ کا آغاز ہوا نیز اسی سال بی ایڈ (ایوننگ) میں بھی داخلہ کیا گیا۔ 2023ء میں بی بی اے آنرز اور ایف اے آئی ٹی میں داخلے کا فیصلہ کیا گیا ۔ 2024ء میں بی ایس (دوسالہ: ایم اے پروگرام) میں بی ایس کیمسٹری ۔ ذوالوجی اور آئی ٹی میں صبح و شام کی کلاسز کے اجرا کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ تمام پروگرام پنجاب یونیورسٹی کے ساتھ الحاق شدہ ہیں ابتدائی طور پر ہر مضمون کے لئے پچاس پچاس سیٹیں رکھی گئیں ہیں۔ اس پروگرام میں طلبہ اور طالبات کو میرٹ پر داخلہ دیا جاتا ہے۔

کالج کے اساتذہ سائنس اور علم و ادب میں اعلیٰ شہرت کے حامل ہیں جو علم و ادب اور سائنس کی ترقی و ترویج میں گراں قدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ادارہ ہذا سے فارغ التحصیل طلبہ کی کثیر تعداد زندگی کے مختلف شعبہ جات میں ملک و قوم کی خدمت میں مصروفِ عمل ہے۔

# اساتذہ کرام

پرنسپل: پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم اشرف

وائس پرنسپل: پروفیسر ڈاکٹر نوید احمد گل

ڈین آف سائنس: پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد

ڈین آف آرٹس: پروفیسر ڈاکٹر محمد رفیق

ڈین آف کامرس: مرزا مہد بیگ ایسوسی ایٹ پروفیسر

## اُردو

1- ڈاکٹر محمد اکرم سرا ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- سید فخر حسین بخاری ایسوسی ایٹ پروفیسر
3- انتظار حسین گیلانی اسسٹنٹ پروفیسر
4- فرحان نذیر اسسٹنٹ پروفیسر
5- عابد علی لیکچرر
6- عدنان احمد خاں لیکچرر

## اسلامیات

1- ڈاکٹر محمد رفیق پروفیسر (صدر شعبہ)
2- ڈاکٹر محمد اکبر علی ایسوسی ایٹ پروفیسر
3- محمد عرفان ایسوسی ایٹ پروفیسر
4- سیف الرحمٰن سیفی اسسٹنٹ پروفیسر
5- ڈاکٹر معظم نواز ورک اسسٹنٹ پروفیسر
6- ڈاکٹر محمد آصف ہارون اسسٹنٹ پروفیسر
7- محمد عرفان یعقوب لیکچرر
8- ڈاکٹر حافظ محمد نواز لیکچرر
9- شیبا صادق لیکچرر
10- حافظہ طاہرہ سرفراز لیکچرر
11- سونیا امجد لیکچرر
12- ڈاکٹر عبدالغنی لیکچرر
13- حافظ آصف اقبال لیکچرر

## انگلش

1- میاں عمران انور ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- محسن رضا اسسٹنٹ پروفیسر
3- وحید الحسن پاشا اسسٹنٹ پروفیسر
4- محمد اقبال ڈوگر اسسٹنٹ پروفیسر
5- محمد رضوان اسسٹنٹ پروفیسر
6- محمد بوٹا آسی اسسٹنٹ پروفیسر
7- آصف صدیق طاہر اسسٹنٹ پروفیسر
8- محمد دلدار نعیم اسسٹنٹ پروفیسر
9- شرجیل کامران اسسٹنٹ پروفیسر
10- علی آصف اسسٹنٹ پروفیسر
11- فیاض احمد اسسٹنٹ پروفیسر
12- محمد ثاقب احسان اسسٹنٹ پروفیسر
13- شجیل باجوہ لیکچرر
14- ظفر عباس لیکچرر
15- فہمید المقصود لیکچرر

## تعلیمات

1- محمد عرفان وٹو لیکچرر (صدر شعبہ)

## تاریخ

1- رانا محمد ارشد اسسٹنٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- ----- لیکچرر

## باٹنی

1- نعیم اللہ انصاری اسسٹنٹ پروفیسر (صدر شعبہ)

## جغرافیہ

1- عمران بشیر لیکچرر (صدر شعبہ)

## زوالوجی

1- ڈاکٹر محمد شہزاد پروفیسر (صدر شعبہ)
2- اللہ دتہ بھٹی اسسٹنٹ پروفیسر
3- محمد مبشر علی لیکچرر

## ریاضی

1- ڈاکٹر شیراز خان اسسٹنٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- ذوالفقار علی اسسٹنٹ پروفیسر
3- طاہر سبحانی اسسٹنٹ پروفیسر
4- ارشد علی اسسٹنٹ پروفیسر

5- علی حیدر — لیکچرر
6- محمد وقاص — لیکچرر
7- محمد سجاد — لیکچرر

## سیاسیات

1- عمر دراز ڈوگر — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- ڈاکٹر داؤد احمد — ایسوسی ایٹ پروفیسر
3- ڈاکٹر محمد سلیم اختر — اسسٹنٹ پروفیسر
4- ماہم مرزا — لیکچرر

## شماریات

1- محمد اویس — لیکچرر (صدر شعبہ)
2- محمد عرفان — لیکچرر
3- حسیبہ اعظم — لیکچرر
4- سحر اقبال — لیکچرر

## تعلیم جسمانی

1- کرامت علی — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)

## فزکس

1- محمد ادریس — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- محمد وقاص سلیم — اسسٹنٹ پروفیسر
3- گلفام ناصر — اسسٹنٹ پروفیسر
4- محمد اسلم — اسسٹنٹ پروفیسر
5- شاہد حسین — اسسٹنٹ پروفیسر
6- محمد عثمان — لیکچرر
7- ذیشان انور — لیکچرر
8- سونیا ناز — لیکچرر

## عربی

1- ارشد خان — لیکچرر (صدر شعبہ)

## عمرانیات

1- امجد جاوید ورک — اسسٹنٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- ----- — اسسٹنٹ پروفیسر
3- سعدیہ عثمان — لیکچرر

## فارسی

1- ڈاکٹر نوید احمد گل — پروفیسر (صدر شعبہ)
2- نشاط فاطمہ — لیکچرر

## کیمسٹری

1- سعید احمد — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- نوید فضل حق اعوان — ایسوسی ایٹ پروفیسر
3- حسن رشید — اسسٹنٹ پروفیسر
4- فرحان علی — اسسٹنٹ پروفیسر
5- ریاض سرور — لیکچرر
6- محمد سعد نعیم — لیکچرر
7- حافظ ابوبکر صدیق — لیکچرر
8- ابو طلحہ — لیکچرر

## کمپیوٹر سائنس

1- محمد علی وقاص — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- محمد سلیم بھٹی — اسسٹنٹ پروفیسر
3- حسن رضا — لیکچرر
4- محمد کامران — لیکچرر
5- سحرش خان — لیکچرر

## کامرس

1- مرزا مہد بیگ — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- حافظ عبدالرحمٰن — اسسٹنٹ پروفیسر

## معاشیات

1- مسعود جاوید طور — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- شکیل شہریار مجید — اسسٹنٹ پروفیسر
3- ڈاکٹر مقصود احمد — اسسٹنٹ پروفیسر
4- ناصر سرور — لیکچرر

## نفسیات

1- اعجاز جاوید ورک — ایسوسی ایٹ پروفیسر (صدر شعبہ)
2- حافظ خالد حسین — اسسٹنٹ پروفیسر

## فلسفہ

1- اسد شادی خان — لیکچرر (صدر شعبہ)

## لائبریری سائنس

1- محمد فواد صدیق — لیکچرر (صدر شعبہ)

## لائبریری سٹاف

1- محمد ادریس مان — سینئر لائبریرین
2- محمد عمران نواز — لائبریرین
3- فراز خاں — لائبریری اٹینڈنٹ

## دفتر عملہ

1- محمد بوٹا ورک — سینئر برسر / رجسٹرار
2- محمد رفیق قادری — سپرنٹینڈنٹ
3- فہیم ہاشمی — ہیڈ کلرک
4- سید عرفان علی شاہ ہمدانی ہیڈ کلرک
5- میاں نثار احمد — سینئر کلرک
6- میاں ضیاء اللہ — سینئر کلرک
7- شہزادہ حسن مجتبیٰ — جونیئر کلرک
8- ----- — جونیئر کلرک
9- ----- — جونیئر کلرک
10- محمد عمر — نائب قاصد
11- محمد سلیمان — نائب قاصد
12- عقیل الرحمٰن — نائب قاصد

## اسٹیٹ آفس

1- ڈاکٹر شیراز خان — انچارج
2- حافظ محمد مدثر سہیل — کیئر ٹیکر

## لیبارٹری سٹاف

### حیاتیات

1- شہباز احمد — سینئر لیکچرا سسٹنٹ
2- ----- — لیکچرا سسٹنٹ
3- محمد وارث — لیبارٹری اٹینڈنٹ
4- محمد شفیق — لیبارٹری اٹینڈنٹ

### طبعیات

1- عبدالرشید — لیبارٹری سپرنٹنڈنٹ
2- ----- — سینئر لیکچرا سسٹنٹ
3- ----- — سینئر لیکچرا سسٹنٹ
4- ----- — لیکچرا سسٹنٹ
5- خالد محمود — لیبارٹری اٹینڈنٹ
6- ----- — لیبارٹری اٹینڈنٹ

### کیمیاء

1- نوید اختر — لیب سپروائزر
2- ----- — سینئر لیکچرا سسٹنٹ
3- محمد شکیل — لیبارٹری اٹینڈنٹ
4- منظّم زمان — لیبارٹری اٹینڈنٹ

### کمپیوٹر سائنس

1- عبدالغفار انجم — لیبارٹری اٹینڈنٹ

## 1- کالج سکیورٹی کمیٹی

1- ڈاکٹر نوید احمد گل — پروفیسر — کنوینر
2- ڈاکٹر محمد رفیق — پروفیسر — ممبر
3- محمد علی وقاص — ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر

## 2- ٹائم ٹیبل انچارج

1- محمد سلیم بھٹی — اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ امتحانات

1- سعید احمد — ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنٹرولر: انٹر
2- محمد ادریس — ایسوسی ایٹ پروفیسر — ڈپٹی کنٹرولر: انٹر
3- شاہد حسین — اسسٹنٹ پروفیسر — کنٹرولر: بی ایس
4- محمد وقاص سلیم — اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی کنٹرولر: انٹر
5- ریاض سرور — لیکچرر — ڈپٹی کنٹرولر: بی ایس

## 3- انچارج انٹرمیڈیٹ

1- نعیم اللہ انصاری — اسسٹنٹ پروفیسر — کوآرڈینیٹر
2- شاہد حسین — اسسٹنٹ پروفیسر کوآرڈینیٹر (سیکنڈ شفٹ)
3- عمران بشیر — لیکچرر — ڈپٹی کوآرڈینیٹر (آرٹس)
3- عابد علی — لیکچرر — ڈپٹی کوآرڈینیٹر (آرٹس)
4- ریاض سرور — لیکچرر — ڈپٹی کوآرڈینیٹر (سائنس)

## 4- داخلہ کمیٹی انٹرمیڈیٹ

1- مسعود جاوید طور — ایسوسی ایٹ پروفیسر — چیئرمین

### ایف: آرٹس

1- محمد سیف الرحمٰن سیفی — اسسٹنٹ پروفیسر — کنوینر
2- حافظ خالد حسین — اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
3- محمد دلدار نعیم — اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
4- ڈاکٹر مقصود احمد — اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
5- محسن رضا — اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر

| | | |
|---|---|---|
| 6- شجیل احمد | لیکچرر | ممبر |
| 7- محمد عرفان وٹو | لیکچرر | ممبر |
| 8- حافظ محمد نواز | لیکچرر | ممبر |
| 9- محمد فواد صدیق | لیکچرر | ممبر |
| 10- عدنان احمد خان | لیکچرر | ممبر |

### ب: سائنس

| | | |
|---|---|---|
| 1- نعیم اللہ انصاری | اسسٹنٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- شاہد حسین | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- محمد اویس | لیکچرر | ممبر |
| 4- ذیشان انور | لیکچرر | ممبر |
| 5- ناصر سرور | لیکچرر | ممبر |
| 6- محمد سعد نعیم | لیکچرر | ممبر |
| 7- ابوطلحہ | لیکچرر | ممبر |
| 8- محمد مبشر علی | لیکچرر | ممبر |

### ج: کامرس

| | | |
|---|---|---|
| 1- حافظ عبدالرحمٰن | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 2- شرجیل کامران | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- محمد کامران | لیکچرر | ممبر |
| 4- محمد وقاص | لیکچرر | ممبر |
| 5- فہمید المقصود | لیکچرر | ممبر |

## 5- بورڈ/یونیورسٹی Attestation

| | |
|---|---|
| 1- محمد اکرم سرا | ایسوسی ایٹ پروفیسر |
| 2- محمد عرفان | ایسوسی ایٹ پروفیسر |
| 3- شاہد حسین | اسسٹنٹ پروفیسر |
| 4- حافظ ابوبکر صدیق | لیکچرر |

## 6- فیس معافی/جرمانہ

| | |
|---|---|
| 1- اعجاز جاوید ورک | ایسوسی ایٹ پروفیسر |
| 2- امجد جاوید ورک | اسسٹنٹ پروفیسر |

## 7- مائیگریشن انچارج

| | |
|---|---|
| 1- سعید احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر |
| 2- ڈاکٹر محمد اکرم سرا | ایسوسی ایٹ پروفیسر |

## 7- ری ایڈمیشن کمیٹی

| | |
|---|---|
| 1- سیف الرحمٰن سیفی | اسسٹنٹ پروفیسر |

## 8- کیریئر کونسلر

| | |
|---|---|
| 1- اعجاز جاوید ورک | ایسوسی ایٹ پروفیسر |

## 9- کونسلنگ سینٹر

| | |
|---|---|
| 1- میاں عمران انور | ایسوسی ایٹ پروفیسر |

## 10- لائبریری کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| 1- ڈاکٹر محمد رفیق | پروفیسر | کنوینر |
| 2- محمد ادریس مان | سینئر لائبریرین | ممبر |
| 3- حسن رضا | لیکچرر | ممبر |
| 4- محمد فواد صدیق | لیکچرر | ممبر |

## 11- (الف) پراکٹوریل بورڈ (بی ایس)

| | | |
|---|---|---|
| 1- کرامت علی | ایسوسی ایٹ پروفیسر | چیف پراکٹر |
| 2- شکیل شہریار مجید | اسسٹنٹ پروفیسر | ڈپٹی چیف پراکٹر |
| 3- شاہد حسین | اسسٹنٹ پروفیسر | ڈپٹی چیف پراکٹر |
| 4- عمران انور | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 5- ڈاکٹر سلیم اختر | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 6- اللہ دتہ بھٹی | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 7- ارشد علی | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 8- وحید الحسن پاشا | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 9- شرجیل کامران | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 10- گلفام ناصر | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 11- فرحان علی | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 12- ڈاکٹر محمد آصف ہارون | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 13- محمد عرفان یعقوب | لیکچرر | ممبر |
| 14- محمد اویس | لیکچرر | ممبر |
| 15- عدنان احمد خاں | لیکچرر | ممبر |
| 16- شیبا صادق | لیکچرر | ممبر |
| 17- سعدیہ عثمان | لیکچرر | ممبر |
| 18- نشاط فاطمہ | لیکچرر | ممبر |

### ب: پراکٹوریل بورڈ (انٹرمیڈیٹ)

| | | |
|---|---|---|
| 1- محمد عرفان وٹو | لیکچرر | چیف پراکٹر |
| 2- اللہ دتہ بھٹی | اسسٹنٹ پروفیسر | کوآرڈینیٹر |
| 3- ڈاکٹر حافظ محمد نواز | لیکچرر | ڈپٹی چیف پراکٹر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4- | محمد عمران بشیر | لیکچرر | ڈپٹی چیف پراکٹر |
| 5- | محمد عرفان | لیکچرر | ڈپٹی چیف پراکٹر |
| 6- | حافظ آصف اقبال | لیکچرر | ڈپٹی چیف پراکٹر |
| 7- | فواد صدیق | لیکچرر | ڈپٹی کوآرڈینیٹر |
| 8- | اسد شادی خان | لیکچرر | ڈپٹی کوآرڈینیٹر |

## 12- سپورٹس بورڈ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | اعجاز جاوید ورک | ایسوسی ایٹ پروفیسر | چیئرمین |
| 2- | حافظ خالد حسین | اسسٹنٹ پروفیسر | وائس چیئرمین (فی میل) |
| 3- | شاہد حسین | اسسٹنٹ پروفیسر | وائس چیئرمین (میل) |
| 4- | کرامت علی | ایسوسی ایٹ پروفیسر | سیکرٹری |
| 5- | فرحان نذیر | اسسٹنٹ پروفیسر | |

## 13- سوشل میڈیا کمیٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | مقصود احمد | اسسٹنٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- | حسن رضا | لیکچرر | ممبر |
| 3- | حافظ ابوبکر صدیق | لیکچرر | ممبر |
| 4- | محمد اویس | لیکچرر | ممبر |

## 4- سوسائٹیز

### الف: بزم شیرانی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | علی آصف | اسسٹنٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- | فرحان نذیر | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

**ذمہ داریاں**

1- تقریری مقابلہ جات
2- ادبی مشاعرہ
3- مصوری/خوش نویسی
4- ملی نغمہ، ٹیبلو
5- مضمون نویسی

### ب: بزم علوم اسلامیہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | ڈاکٹر محمد رفیق | پروفیسر | کنوینر |
| 2- | سیف الرحمٰن سیفی | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- | ڈاکٹر آصف ہارون | لیکچرر | ممبر |

**ذمہ داریاں**

1- عشرہ رحمۃ للعالمین
2- یوم صدیق اکبر
3- عشرہ شہادت (حضرت عمرؓ، امام حسین عالی مقام)
4- (قرات اور نعت کے مقابلہ جات)

### ج: نظریہ پاکستان سوسائٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | عمر دراز ڈوگر | ایسوسی ایٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- | داؤد احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- | رانا محمد ارشد | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

**ذمہ داریاں**

1- 23 مارچ
2- 28 مئی یوم تکبیر
3- 14 اگست، 7 ستمبر، 9 نومبر، 25 دسمبر

### د: سائنٹیفک سوسائٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | ڈاکٹر محمد شہزاد | پروفیسر | کنوینر |
| 2- | ابوطلحہ | لیکچرر | ممبر |
| 3- | ذیشان انور | لیکچرر | ممبر |

## 14- اکنامکس / کامرس سوسائٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | مسعود جاوید طور | ایسوسی ایٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- | شکیل شہریار مجید | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- | حافظ عبدالرحمٰن | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

## 15- مسجد کمیٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | سعید احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- | ڈاکٹر مقصود احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- | ڈاکٹر شیراز خان | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

## 16- کالج کارڈ کمیٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | محمد ادریس | ایسوسی ایٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- | گلفام ناصر | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- | محمد اسلم | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 4- | عبدالرشید | لیبارٹری سپرنٹنڈنٹ | معاون |

## 17- ساؤنڈ سسٹم کمیٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | محمد وقاص سلیم | اسسٹنٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- | محمد اسلم | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- | محمد عثمان | لیکچرر | ممبر |
| 4- | ذیشان انور | لیکچرر | ممبر |
| 5- | عبدالرشید | لیبارٹری سپرنٹنڈنٹ | معاون |

## 18- ہاسٹل انتظامیہ

| | | |
|---|---|---|
| 1- عمر دراز ڈوگر | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ہاسٹل وارڈن |
| 2- کرامت علی | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ہاسٹل سپرنٹنڈنٹ |

## 19- انچارج باغبانی

| | | |
|---|---|---|
| 1- داؤد احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- نعیم اللہ انصاری | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- اللہ دتہ بھٹی | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

## 20- کلین لی نیس کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| 1- محمد اویس | لیکچرر | کنوینر |
| 2- محمد وقاص | لیکچرر | ممبر |
| 3- عدنان احمد خان | لیکچرر | ممبر |
| 4- حافظ محمد مدثر سہیل | لیکچرر | ممبر |

## 21- رجسٹرار آفس

| | | |
|---|---|---|
| 1- محمد عرفان | ایسوسی ایٹ پروفیسر | رجسٹرار |
| 2- حافظ محمد ابوبکر صدیق | لیکچرر | ڈپٹی رجسٹرار / کوآرڈینیٹر PU |
| 3- حسن رضا | لیکچرر | ڈپٹی رجسٹرار |

## 22- بیوٹیفیکیشن کمیٹی رینوویشن کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| 1- محمد علی وقاص | ایسوسی ایٹپروفیسر | کنونیر |
| 2- ڈاکٹر مقصود احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- شجیل باجوہ | لیکچرر | ممبر |
| 4- نشاط فاطمہ | لیکچرر | ممبر |
| 5- عمران بشیر | لیکچرر | ممبر |

## 23- ڈسپنسری

| | | |
|---|---|---|
| 1- نعیم اللہ انصاری | اسسٹنٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- محمد دلدار نعیم | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

## 24- مجلس ادارت "مرغزار"

| | | |
|---|---|---|
| 1- ڈاکٹر محمد اکرم سرا | ایسوسی ایٹ پروفیسر | مدیر اعلیٰ |
| 2- ڈاکٹر داؤد احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | مدیر |

### مدیران حصہ اردو

| | | |
|---|---|---|
| 1- فرحان نذیر | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| 2- ڈاکٹر محمد آصف ہارون | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

### مدیران حصہ انگریزی

| | | |
|---|---|---|
| 1- میاں عمران | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ممبر |
| 2- محمد ثاقب احسان | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

## 25- ڈے کیئر سینٹر کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| 1- ڈاکٹر رفیق | پروفیسر | کنوینر |
| 2- ڈاکٹر مقصود احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ڈپٹی انچارج |
| 3- سحر اقبال | لیکچرر | ممبر |
| 4- نشاط فاطمہ | لیکچرر | ممبر |

## 27- سٹوڈنٹ آفیئر کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| 1- ڈاکٹر محمد رفیق | پروفیسر | کنونیر |
| 2- علی وقاص | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ممبر |
| 3- شیبا صادق | لیکچرر | ممبر |
| 4- سحر اقبال | لیکچرر | ممبر |
| 5- ماہم مرزا | لیکچرر | ممبر |

## 28- ڈینگی کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| 1- ڈاکٹر محمد شہزاد | پروفیسر | فوکل پرسن |
| 2- اللہ دتہ بھٹی | اسسٹنٹ پروفیسر | کو فوکل پرسن |
| 3- مبشر علی | لیکچرر | ممبر |
| 4- ذیشان انور | لیکچرر | ممبر |

## بلڈ ڈونر سوسائٹی

| | | |
|---|---|---|
| 1- مرزا مہد بیگ | ایسوسی ایٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- سحرش خان | لیکچرر | ممبر |
| 3- نشاط فاطمہ | لیکچرر | ممبر |

## 28- پرائس کنٹرول اینڈ مینجمنٹ کمیٹی (کنٹین / فوٹو کاپی شاپ)

| | | |
|---|---|---|
| 1- سعید احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | کنوینر |
| 2- ڈاکٹر مقصود احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر | ممبر |
| 4- شاہد حسین | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

# داخلے کا طریق کار

کالج میں داخلہ حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے مطابق ہوگا۔ سال اوّل اور بی ایس /ایسوسی ایٹ ڈگری (کامرس) میں داخلہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور اور پنجاب یونیورسٹی لاہور کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق کالج کی جانب سے مشتہر پروگرام کے مطابق ہوگا۔ سالانہ امتحان 2026ء کے پاس شدہ طلبہ /طالبات کو داخلہ میں ترجیح دی جائے گی سپلیمنٹری 2025ء کے طلبہ /طالبات صرف سیٹ خالی ہونے کی صورت میں اہل ہونگے۔ میٹریکولیشن اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں کامیاب طلبہ کو بالترتیب سال اوّل اور بی ایس/ایسوسی ایٹ ڈگری (کامرس) میں میرٹ کی بنیاد پر داخلہ دیا جائے گا اور میرٹ لسٹ نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ داخلہ کمیٹی کسی ایسے امیدوار کو جس کو ماضی میں تادیبی کارروائی کے نتیجے میں سزا ملی ہو، داخلہ دینے سے انکار کی مجاز ہوگی اور اس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ داخلہ حاصل کرنے والے طلبہ کے لئے لازم ہوگا کہ وہ تاریخ مقررہ پر واجبات ادا کردیں ورنہ ان کا داخلہ منسوخ سمجھا جائے گا اور نشستیں منتظر امیدواروں کی فہرست سے پر کر دی جائیں گی۔

سال اول /بی ایس /ایسوسی ایٹ ڈگری (کامرس) میں صرف ان طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا جو میٹرک /انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان کلی طور پر پاس کر چکے ہیں۔

اگر کوئی طالب علم کسی ایک مضمون (ماسوائے لازمی مضمون) میں فیل قرار دیا گیا ہو۔ تاہم اسے پاس کا رزلٹ کارڈ جاری کیا گیا ہو تو اسے سال اول میں داخلہ کے وقت مذکورہ مضمون میں داخلہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**داخلہ کے لئے عمر کی حد**

**کالج میں داخلہ پنجاب گورنمنٹ کے لیٹر 50(coll)7-5/84 مورخہ 13-03-1989 کے مطابق مندرجہ ذیل عمر کی حد مقرر ہے۔**

**☆ سال اول (18 سال) ☆ بی ایس/ایسوسی ایٹ ڈگری (کامرس) (22 سال)**

مستحق امیدواروں کو پرنسپل یونیفارم پالیسی کے تحت عمر میں ایک خاص حد تک رعایت دے سکتے ہیں۔ معذور افراد کے لیے داخلہ کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں۔

# فارم داخلہ جمع کروانے کا طریقہ کار

پراسپکٹس مع داخلہ فارم کالج ہذا سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ داخلہ فارم مع حسب ذیل دستاویزات کالج کے دفتر میں مشتہر پروگرام کے تحت جمع کرانا ہوں گے۔ نیز فارم داخلہ میں نام اور ولدیت میٹرک رزلٹ کارڈ کے مطابق لکھیں۔

i۔ رزلٹ کارڈ میٹرک/انٹرمیڈیٹ دو کاپیاں مصدقہ۔

ii۔ چال چلن کا سرٹیفکیٹ (مصدقہ) از ہیڈ ماسٹر سکول/ پرنسپل کالج جہاں سے درخواست دہندہ نے میٹرک انٹرمیڈیٹ پاس کیا ہو۔ بصورت دیگر کسی گریڈ 16 یا اس سے زائد گریڈ والے سرکاری افسر سے چال چلن سرٹیفکیٹ حاصل کر کے ساتھ لگانا ضروری ہے۔

iii۔ سفید بیک گراؤنڈ (سال اول کے لیے)، نیلی بیک گراؤنڈ (بی ایس/ایسوسی ایٹ ڈگری (کامرس)) میں 6 عدد

رنگین تصاویر (2½ "×"2)

iv۔ بورڈ سے مائیگریشن کا اصل سرٹیفکیٹ (NOC) اور اُس کی ایک مصدقہ نقل (اگر درخواست دہندہ نے میٹرک/ انٹرمیڈیٹ کا امتحان لاہور کی بجائے کسی دوسرے بورڈ سے پاس کیا ہو)۔ **نوٹ: اس کے بغیر داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

v۔ والد/سرپرست کے قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل۔

vi۔ **طالب علم کا ب فارم/شناختی کارڈ ضروری ہے۔نوٹ: اس کے بغیر داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

vii۔ داخلہ کے وقت ہر طالب علم کو متعلقہ حلف نامہ (جو کہ فارم داخلہ کی پشت پر ہے) دینا ہوگا کہ اگر وہ کسی سیاسی یا تخریبی سرگرمی کا مرتکب ہوگا یا گستاخی اور بدتمیزی کرے گا تو پرنسپل صاحب اسے کالج سے نکالنے/ خارج کرنے کے مجاز ہوں گے۔

viii۔ معذوری کا سرٹیفکیٹ (معذور کوٹہ کی خصوصی نشست پر داخلہ کے حصول کے لیے معذوری کا سرٹیفکیٹ صرف سرکاری ہسپتال کے MS کا جاری شدہ قابل قبول ہوگا)۔

ix۔ فوجی کوٹہ کے لیے آرمی GHQ کے ذریعہ درخواست دینا ہوگی اور GHQ کی طرف سے فراہم کردہ فہرست ہی حتمی متصور ہوگی۔

x۔ **فارم داخلہ تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ فائل کور میں لگا کر مقررہ تاریخ تک دفتر میں جمع کروادیں۔فائل کور کے بغیر اور مقررہ تاریخ کے بعد کوئی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

# داخلہ پالیسی

**محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کی جاری کردہ پالیسی بذریعہ چٹھی نمبر ایس۔او (A-1) 4-6-7 2000 (A-B) 2 اکتوبر 2001ء اور آرمی GHQ راولپنڈی کی چٹھی نمبر 7703/1294/GEN/WR-4 مورخہ 11 اپریل 2002ء کی** رو سے سال اوّل اور بی ایس/ایسوسی ایٹ ڈگری (کامرس) میں داخلہ درج ذیل خطوط پر ہوگا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (الف) | سال اوّل | اوپن میرٹ<br>خصوصی کوٹہ | معذور<br>سپورٹس (صرف آرٹس کے لیے)<br>خواجہ سرا<br>اقلیتی | 92%<br>02%<br>2%<br>2%<br>2% |
| (ب) | ایسوسی ایٹ ڈگری<br>پروگرام کامرس | اوپن میرٹ<br>خصوصی کوٹہ | معذور<br>فوجی<br>خواجہ سرا<br>اقلیتی | 93%<br>02%<br>01%<br>2%<br>2% |

# مضامین کا انتخاب(Morning Shift)

**انٹرمیڈیٹ:** طالب علم کو مندرجہ ذیل سیٹوں میں سے کوئی ایک سیٹ منتخب کرنا ہوگا۔

1- **ایف ایس سی پری میڈیکل:** بیالوجی، کیمسٹری، فزکس 2- **ایف ایس سی پری انجینئرنگ:** کیمسٹری، ریاضی، فزکس

3- آئی سی ایس: کمپیوٹر سائنس، ریاضی، فزکس 4- آئی سی ایس: کمپیوٹر سائنس، ریاضی، شماریات

5- آئی سی ایس: کمپیوٹر سائنس، ریاضی، معاشیات 6- جنرل سائنس: معاشیات، ریاضی، شماریات

7- آئی کام

**آرٹس: طالب علم کو مندرجہ ذیل گروپس میں سے ایک ایک مضمون منتخب کرنا ہوگا۔**

1- تعلیمات، صحت و تعلیم جسمانی، نفسیات، عمرانیات 2- شہریت، فارسی، عربی، لائبریری سائنس

3- معاشیات، اسلامیات اختیاری، تاریخ

# مضامین کا انتخاب(Evening Shift)

**انٹرمیڈیٹ:** طالب علم کو مندرجہ ذیل سیٹوں میں سے کوئی ایک سیٹ منتخب کرنا ہوگا۔

1- **ایف ایس سی پری میڈیکل** بیالوجی، کیمسٹری، فزکس

2- **ایف ایس سی پری انجینئرنگ** کیمسٹری، ریاضی، فزکس

3- آئی سی ایس کمپیوٹر سائنس، ریاضی، فزکس

4- ایف اے آئی ٹی کمپیوٹر سائنس، اسلامیات اختیاری، شہریت

5- آئی سی ایس کمپیوٹر، ریاضی، معاشیات

6- ایف اے آئی ٹی کمپیوٹر سائنس، اسلامیات اختیاری، تاریخ

7- آرٹس اسلامیات، عمرانیات، شہریت

## بی ایس (چار سالہ پروگرام):

بی ایس چار سالہ پروگرام میں مارننگ شفٹ کے ساتھ ایوننگ شفٹ میں بھی داخلہ جاری ہے۔ داخلہ صرف میرٹ پر ہوگا۔

### بی ایس فزکس:

بی ایس فزکس میں داخلہ کے لیے ایف۔ ایس سی میں فزکس کا پڑھا ہونا لازمی ہے۔

### بی ایس ریاضی

بی ایس ریاضی میں داخلہ کے لیے ایف ایس سی میں ریاضی کے ساتھ فزکس پڑھی ہو۔

### بی ایس کیمسٹری:

بی ایس کیمسٹری میں داخلہ کے لیے ایف ایس سی پری میڈیکل یا پری انجینئرنگ کے امتحان پاس شدہ امیدوار ہی اہل ہوں گے۔

**بی ایس ذوالوجی:**
بی ایس ذوالوجی میں داخلہ کے لیے پری میڈیکل کے امتحان (کم ازکم سیکنڈ ڈویژن) میں پاس شدہ امیدوار ہی اہل ہوں گے۔

## بی ایس آئی ٹی:
بی ایس آئی ٹی میں داخلہ لینے کے لیے آئی سی ایس/ایف ایس سی (پری میڈیکل/پری انجینیر نگ)/(ڈی کام میں فزکس اور ریاضی پڑھا ہونا ضروری ہے)(کم ازکم سیکنڈ ڈویژن) میں ریاضی کے ساتھ فزکس یا کمپیوٹر کا پڑھا ہونا ضروری ہے۔

**بی ایس انگلش:**
انگلش لٹریچر کے ساتھ انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔

**بی ایس اُردو:**
اُردو اختیاری کے ساتھ انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار اہل ہے۔

**بی ایس سیاسیات:** سوکس کے ساتھ انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار اہل ہے

**بی ایس اسلامیات:**
اسلامیات اختیاری کے ساتھ انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار اہل ہے۔

**بی ایس معاشیات:**
معاشیات کے ساتھ انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار اہل ہے۔

**بی کام (دوسالہ سمسٹر سسٹم):**
انٹرمیڈیٹ یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔

# بی ایس (دوسالہ: ایم اے، ایم ایس سی، ایم کام پروگرام)

**بی ایس انگلش**
انگلش لٹریچر کے ساتھ اے ڈی بی یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔

**بی ایس اُردو**
اُردو اختیاری کے ساتھ اے ڈی بی یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔

**بی ایس اسلامیات:**
اسلامیات اختیاری کے ساتھ اے ڈی بی یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔

**☆بی ایس ذوالوجی:**
بی ایس ذوالوجی میں داخلہ کے لیے اے ڈی بی (سائنس) کے امتحان (کم ازکم سیکنڈ ڈویژن) پاس شدہ امیدوار ہی اہل ہوں گے۔

# بی ایڈ (ڈیڑھ سالہ پروگرام)

ایم اے/ایم ایس سی/بی ایس آنرز یا مساوی امتحان کم ازکم سیکنڈ ڈویژن میں پاس امیدوار داخلہ لینے کے اہل ہوں گے۔

**نوٹ: حافظ قرآن کو 20 نمبر اضافی دیے جائیں گے اس کے لیے مستند ادارے سے حفظ قرآن کی سند اور انٹرویو لازمی ہوگا۔**

# تفصیل واجبات برائے انٹرمیڈیٹ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| -1 | داخلہ فیس | سائنس 65- آرٹس -80 روپے سالانہ | -2 | امتحانی فیس | -/180 روپے سالانہ |
| -3 | ٹیوشن فیس | -/600 روپے سالانہ | -4 | جنرل فنڈ | -/50 روپے سالانہ |
| -5 | میڈیکل فنڈ | -/50 روپے سالانہ | -6 | کالج میگزین فنڈ | -/120 روپے سالانہ |
| -7 | کالج ویلفیئر فنڈ | -/50 روپے سالانہ | -8 | زرضمانت لائبریری | -/500 روپے سالانہ (قابل واپسی) |
| -9 | ہلال احمر فنڈ | -/60 روپے سالانہ | -10 | سائنس بریکج فنڈ | -/60 سالانہ |
| -11 | سیکنڈ شفٹ فیس | -/3600 سالانہ | -12 | سائیکل پارکنگ | -/100 روپے سالانہ |
| -13 | سپورٹس فنڈ | -/180 روپے سالانہ | -14 | کالج شناختی کارڈ | -/50 روپے سالانہ |
| -15 | بورڈ سے الحاق فنڈ | -/240 روپے سالانہ | -16 | کمپیوٹر فیس | -/300 روپے سالانہ |
| -17 | بورڈ رجسٹریشن فیس | -/2300 روپے (بورڈ قواعد کے مطابق) | -18 | مسجد فنڈ | -/200 روپے (سالانہ) |

**نوٹ: ایوننگ شفٹ کے لیے مندرجہ بالا فیس کے علاوہ مبلغ -/3600 روپے سالانہ اضافی فیس جمع کروانا ہوگی۔**

# تفصیل واجبات برائے بی۔ایس چار سالہ پروگرام (فی سمیسٹر)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| -1 | داخلہ فیس | -/225 روپے | -2 | امتحانی فیس | -/200 روپے |
| -3 | ٹیوشن فیس | -/360 روپے | -4 | ریڈ کراس فنڈ | -/30 روپے |
| -6 | میڈیکل فنڈ | | -6 | کالج میگزین فنڈ | -/60 روپے |
| -7 | کالج ویلفیئر فنڈ | -/50 روپے | -8 | کالج لائبریری سیکورٹی | -/300 روپے (قابل واپسی) |
| -9 | انرولمنٹ فیس (یونیورسٹی) | -/2400 روپے (یونیورسٹی قواعد کے مطابق) | -10 | بریکج فنڈ | -/120 روپے |
| -11 | سپورٹس فنڈ | -/90 روپے | -12 | سائیکل پارکنگ/برقعہ فنڈ | -/50 روپے |
| -13 | یونیورسٹی الحاق فنڈ | -/100 روپے بوقت داخلہ | -14 | کالج شناختی کارڈ | -/50 روپے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 15- | رجسٹریشن فیس (یونیورسٹی) | -/8550 روپے (یونیورسٹی قواعد کے مطابق) | 16- | کمپیوٹر فیس | -/300 روپے |
| 17- | سپورٹس فیس (یونیورسٹی) | -/2000 روپے (یونیورسٹی قواعد کے مطابق) | 18- | جنرل فنڈ | -/50 روپے |
| 19- | مسجد فنڈ | -/200 روپے (فی سمسٹر) | | | |

نوٹ: **ایوننگ شفٹ کے لیے مندرجہ بالا فیس کے علاوہ مبلغ -/17000 روپے فی سمسٹر اضافی فیس جمع کروانا ہوگی۔**

## فیس اور جرمانے کی ادائیگی:

فیس اور جرمانہ کی ادائیگی کالج کی طرف سے مقرر کردہ تاریخوں پر ہوگی۔

## داخلے کے بعد کالج سے اخراج:

(i) اگر کوئی طالب علم کسی ایک مضمون یا تمام مضامین میں ایک ماہ میں **مسلسل** دس یوم تک غیر حاضر رہے گا تو اس کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔ اسے دوبارہ داخلہ لینے کے لیے خارجہ نوٹیفکیشن کے مطابق درخواست گزارہوتا ہوگا اور دوبارہ داخلہ کی صورت میں سپیشل جرمانہ اور داخلہ فیس ادا کرنا ہوگی۔

**نوٹ:** سائنس کے طلبہ کے لیے تھیوری اور پریکٹیکل دونوں کی حاضریاں شمار ہوں گی۔

**(ii) کالج سے دوسری دفعہ خارج ہونے کے بعد طالب علم کو پھر داخل نہیں کیا جائے گا۔ (دوبارہ داخلہ کی سہولت صرف ایک مرتبہ ہے)**

(iii) جب طالب علم کسی بدنظمی، گستاخی یا بدانتظامی کا مرتکب ہوگا تو کالج انتظامیہ اس کے خلاف مناسب تادیبی کارروائی کرنے کی مجاز ہوگی۔

## مائیگریشن:

بورڈ/ پنجاب یونیورسٹی کے قواعد کے مطابق مائیگریشن کا امیدوار اگر اس کالج میں داخلہ کے میرٹ پر پورا اترتا ہو، کالج میں نشست کی گنجائش ہو اور تبدیلی سکونت کا دستاویزی ثبوت فراہم کرے تو اس کی درخواست پر غور ہوسکتا ہے۔ جس کی حتمی منظوری پرنسپل دیں گے۔

## کلاس میں حاضری:

صرف وہ طلبہ بورڈ/ یونیورسٹی کے امتحان دینے کے اہل ہوں گے جنہوں نے دوسری شرائط پوری کرنے کے علاوہ اپنی جماعت میں مندرجہ ذیل تناسب سے حاضریاں پوری کی ہوں گی۔

(الف) تمام مضامین میں علیحدہ علیحدہ کلاس میں دیئے گئے لیکچرز کی مجموعی تعداد کا تین چوتھائی حصہ (75%)

(ب) ایسے مضامین جن میں تجربات ضروری ہوں، تجربات کے مخصوص پیریڈوں کی مجموعی تعداد کا 75% بشرطیکہ تجربات

کے پیریڈوں کی تعداد 40 سے کم نہ ہو۔

(ج) امتحان سے قبل تعلیمی سالوں میں 72 گھنٹے کا مینول ورک (Manual Work)

(د) کسی کلاس میں چھٹی، بیماری یا کسی اور وجہ سے غیر حاضری کی صورت میں لیکچرز کی حاضری شمار کرتے وقت کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔

(ر) بی۔ایس کے طلبہ وطالبات کے لیے 90% حاضری کا ہونا لازمی ہے۔

## غیر حاضری اور خصوصی جرمانے۔

**(کالج کے نظم وضبط کی خلاف ورزی کی بنا پر خصوصی جرمانے کئے جاسکتے ہیں جو نا قابل معافی ہوں گے۔)**

☆ ہرایک پیریڈ میں غیر حاضری کا جرمانہ 2 روپے ہوگا۔ ☆بغیر یونیفارم جرمانہ 150 روپے ہوگا۔

☆ کالج کے امتحانات سے غیر حاضری/UMC کے لیے 200 روپے فی پرچہ جرمانہ ہوگا۔

☆ موبائل فون کا کھلے عام استعمال کرنا 1000 روپے ☆ طلبہ کا باہمی لڑائی جھگڑا کرنا

☆ کالج کیمپس میں گاڑی/موٹر سائیکل کی غلط پارکنگ ☆ کلاسوں سے مسلسل غیر حاضر ہونا۔

☆ سگریٹ نوشی کرنا، کالج ملازمین سے جھگڑا/بدتمیزی کرنا ☆ بیرونی تنظیموں کی سرگرمیوں کیلئے سہولت کار بننا

☆ کالج کی املاک کو نقصان پہنچانا

## رخصت کے قواعد:

(الف) ایف اے/ایف ایس سی کے طلباء دو دن تک کی چھٹی کو آرڈینیٹر انٹرمیڈیٹ منظور کروائیں۔دو دن سے زیادہ کی درخواست انچارج انٹرمیڈیٹ وائس پرنسپل سے سائن کروانا ضروری ہے۔

(ب) بی ایس کے تمام طلباء و طالبات تین دن تک چھٹی کی درخواستیں اپنے کلاس انچارج اور صدر شعبہ سے منظور کروائیں۔ تین دن سے زیادہ چھٹی کیلئے وائس پرنسپل انچارج بی ایس سے سائن کروانا ضروری ہے۔اس کے بعد درخواست چھٹی اپنے اپنے کلاس انچارج کو جمع کروادیں۔

(ج) چار دن سے زیادہ کی Medical Leave گورنمنٹ ہسپتال کے میڈیکل آفیسرز یا ایم ایس (MS) کے جاری شدہ میڈیکل سرٹیفیکیٹ پر دی جائے گی۔

(د) چھٹی کی درخواست پر والد کے دستخط، طالب علم کا نام، رولنمبر، کلاس، سال، سیکشن، اور تاریخ واضح ہونی چاہیے۔

(ہ) انٹرمیڈیٹ کے طلباء وطالبات چھٹی کی تمام درخواستیں کمرہ نمبر 35 میں جمع کروائیں۔

## فیس میں رعایت:

1۔ فیس میں رعایت کے لیے درخواستیں کالج کے داخلے کے لیے انٹرویو کے بعد داخلہ واجبات کی ادائیگی سے قبل مقررہ فارم پر پیش کرنا ہوں گی۔ایسی درخواستوں پر والد یا ان کی وفات کی صورت میں سرپرست کے دستخط لازمی

ہوں گے۔

2۔ فیس میں رعایت اچھے اطوار، باقاعدہ حاضری اور تعلیم میں تسلی بخش کارکردگی کی بنا پر دی جائے گی۔

3۔ فیس میں رعایت ان طلبہ سے واپس لی جاسکتی ہے جن کا کالج کے امتحانوں میں نتیجہ غیر تسلی بخش ہوگا یا وہ کالج کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوں گے۔

## ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی ایوارڈ:

ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی (2020-1935) نے بطور استاد زبان و ادب فارسی طویل مدت گورنمنٹ گریجویٹ کالج ،سول لائنز، شیخوپورہ میں خدمات سرانجام دیں۔

ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی نہ صرف فارسی زبان وادب کے ایک مستند استاد تھے بلکہ وہ اُردو اور فارسی زبان وادب میں تحقیق اور تخلیق کے میدان میں ایک منفرد مقام کے حامل بھی تھے۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج شیخوپورہ کے ساتھ ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی کی وابستگی کی بنا پر ان کے لواحقین نے اس کالج میں ان کی یادگار کے طور پر ایک ایوارڈ "ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی ایوارڈ" کا اجرا کا کیا ہے جس کے ساتھ لواحقین کی جانب سے سند اعزاز اور معقول نقد رقم کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔

"ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی ایوارڈ" گورنمنٹ گریجویٹ کالج ،سول لائنز، شیخوپورہ سے ہر سال آرٹس کے مضامین کے ساتھ انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے والے ایک طالب علم کو دیا جاتا ہے۔ چونکہ ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی فارسی کے استاد تھے اس لیے فارسی پڑھنے والے طالب علم کو ترجیح دی جاتی ہے جس کے لیے ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی کے لواحقین اور کالج انتظامیہ نے متفقہ رائے سے مندرجہ ذیل طریقہ کار طے کیا ہے:

1-انٹرمیڈیٹ بورڈ کے امتحان میں حاصل کردہ کل نمبر

2-انٹرمیڈیٹ میں فارسی کے مضمون (اگر پڑھا ہو) کے کل نمبر

3- کالج کے امتحانات میں حاصل کردہ نمبروں کا ایک چوتھائی 4- حاضری (فیصد کی بنیاد پر) 10 نمبر

5- ہم نصابی سرگرمیاں 05 نمبر 6- غیر نصابی سرگرمیاں 05 نمبر

## وظائف:

حکومت، یونیورسٹی، بورڈ اور لوکل باڈیز کی طرف سے کالجوں کے لیے مخصوص وظائف اس کالج میں مل سکیں گے۔ غیر تسلی بخش کارکردگی کی صورت میں وظیفہ منقطع کر دیا جائے گا۔

## شناختی کارڈ:

کالج میں داخل ہونے والے طلبہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ داخلے کے پندرہ روز کے اندر اندر فزکس لیب سے شناختی کارڈ وصول کریں۔ اس مقصد کے لیے پاسپورٹ سائز کی چار مصدقہ تصاویر سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ جن کی پشت پر طالب علم کا اپنا نام رول نمبر اور والد کا نام لکھا ہوا ہو، کالج کے دفتر میں داخلہ کے وقت جمع کرا دیں۔ شناختی کارڈ کی قیمت پچاس روپے ہوگی۔ شناختی کارڈ گم ہونے کی صورت میں نیا کارڈ بنوانے کے لیے 100 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ تیسری مرتبہ شناختی کارڈ

جاری نہیں کیا جائے گا۔

**ہر طالب علم کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا شناختی کارڈ کالج کے اوقات میں اپنے گلے میں لٹکائے بصورت دیگر اس کے خلاف انضباطی کارروائی کی جائے گی۔**

## کالج یونیفارم:

حکومت کے جاری کردہ احکامات کے مطابق سکول اور کالج کے تمام طلبہ اپنے اپنے اداروں میں ایک سا لباس پہنیں گے۔اس اقدام کا مقصد یہ ہے کہ کالج کے طلبہ آسانی سے پہچانے جاسکیں اور قیمتی اور نمائشی لباس سے پرہیز کریں۔اس کالج کے طلبہ کے لیے مندرجہ ذیل یونیفارم مقرر ہے۔کالج کے اوقات کار میں یونیفارم پہننا لازم ہے۔

## فرسٹ شفٹ

**انٹرمیڈیٹ:** **موسم گرما:** خاکی پتلون اور سفید شرٹ۔ بلیک شوز

**موسم سرما:** خاکی پتلون، سفید شرٹ اور میرون کوٹ/جرسی/سویٹر۔ بلیک شوز

**بی ایس:** **موسم گرما:** سیاہ پتلون اور سفید شرٹ۔ بلیک شوز

**موسم سرما:** سیاہ پتلون اور سفید شرٹ اور میرون کوٹ/ جرسی/سویٹر اور بلیک شوز

**طالبات:** سفید شلوار قمیض اور بلیک چادر یا دوپٹہ / عبایہ / جرسی

## سیکنڈ شفٹ

**انٹرمیڈیٹ:** **موسم گرما:** خاکی پتلون اور سکائی بلیو شرٹ۔ بلیک شوز

**موسم سرما:** خاکی پتلون، سکائی بلیو شرٹ اور میرون کوٹ/ جرسی/سویٹر۔ بلیک شوز

**بی ایس:** **موسم گرما:** سیاہ پتلون اور بلیو لائننگ شرٹ۔ بلیک شوز

**موسم سرما:** سیاہ پتلون اور بلیو لائننگ شرٹ اور میرون کوٹ/ جرسی/سویٹر اور بلیک شوز

**طالبات:** سفید شلوار قمیض اور گرے سکاف۔ رائل بلیو عبایہ۔ سیاہ جرسی

**نوٹ:** ٹائی یونیفارم کا حصہ نہیں تاہم اگر کوئی طالبعلم لگانا چاہے تو اس کا رنگ سادہ میرون ہونا چاہیے۔

## شکایت بکس/تجاویز:

کالج کے دفتر کے باہر ایک بکس اس مقصد کے لیے رکھا گیا ہے کہ طلبہ اپنی شکایات یا تجاویز جو وہ براہ راست پیش نہ کر سکیں اس بکس میں ڈال دیں۔ایسی درخواستوں پر شکایات اور تجاویز پیش کرنے والے کا نام اور کلاس مع رول نمبر درج ہونا چاہیے۔ایسی درخواستوں پر پرنسپل صاحب مناسب کارروائی کریں گے۔

## نوٹس بورڈ:

کالج کی طرف سے تمام احکامات کالج کے نوٹس بورڈ پر چسپاں کیے جاتے ہیں۔تمام طلبہ کو چاہیے کہ وہ باقاعدگی سے

نوٹس بورڈ پر چسپاں احکامات کا مطالعہ کریں۔ نوٹس بورڈ پر نوٹس لگ جانے کے بعد یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ یہ اطلاع کالج کے تمام طلبہ تک پہنچ گئی ہے۔اس کے بعد لاعلمی کا اعتراض نا قابل شنید ہوگا۔

## نظم وضبط:

کالج میں تعلیم کا مقصد محض نصابی کتب کی تدریس ہی نہیں بلکہ نظم وضبط کی پابندی کے ذریعے سیرت و کردار کی تعمیر بھی ہے۔طلبہ پر لازم ہے کہ وہ کالج کے قواعد وضوابط کی پابندی کریں۔کالج کی حدود کے اندر موبائل فون کا استعمال سختی سے منع ہے۔ایسی غیر اخلاقی، ناشائستہ حرکات اور تخریبی سرگرمیوں میں حصہ نہ لیں جن سے ان کی اپنی اور دوسروں کی تعلیم میں خلل پیدا ہو اور کالج کی پرامن فضا متاثر ہو۔

طلبہ کو چاہیے کہ اساتذہ کا احترام کریں۔اپنے ساتھی طلبہ کے ساتھ شفقت سے پیش آئیں اور باہمی مسائل پرامن طور پر افہام وتفہیم سے طے کریں۔

## پراکٹوریل بورڈ/ڈسپلن کمیٹی:

طلبہ میں نظم وضبط کی پابندی کے سلسلہ میں کالج میں ایک پراکٹوریل بورڈ قائم ہے جو کالج کے چند اساتذہ پر مشتمل ہے۔یہ بورڈ طلبہ کے مسائل بھی حل کرتا ہے۔

## کالج لائبریری:

کالج لائبریری میں ہر مضمون پر کتب موجود ہیں۔جن کی تعداد تقریباً تیس ہزار ہے۔طلبہ اور اساتذہ کی سہولت کے پیش نظر ہر سیکشن میں کتب کا اضافہ کیا گیا ہے۔طلبہ ایک وقت میں ایک کتاب حاصل کر سکتے ہیں جو کہ چودہ دنوں کے لیے جاری کی جاتی ہے۔وقت مقررہ پر کتاب واپس نہ کرنے کی صورت میں طلبہ سے پانچ روپیہ یومیہ کے حساب سے جرمانہ لیا جاتا ہے۔حوالہ جات کی کتابیں لائبریری میں ہی بیٹھ کر مطالعہ کی جاسکتی ہیں۔فائنل امتحان کے بعد ایک سال کے اندر اندر لائبریری سیکورٹی واپس لینا ضروری ہے۔

## کالج امتحانات:

ماہ دسمبر میں دسمبر ٹیسٹ اور مارچ کے پہلے ہفتے میں پری بورڈ ٹیسٹ کا انعقاد ہوتا ہے۔جن میں طلبا کی شرکت ضروری ہے۔ان امتحانات کی بنیاد پر بورڈ/یونیورسٹی کو داخلہ بھیجا جاتا ہے۔امتحانات میں غیر تسلی بخش کارکردگی پر داخلہ روک لیا جائیگا۔امتحان میں غیر حاضری پر -/200 روپے فی پرچہ جرمانہ کیا جائے گا۔

## پیپرز کی ری چیکنگ:

اگر کوئی طالب علم جوابی کاپیاں ری چیک کروانا چاہتا ہو تو فی مضمون ایک سو روپے امتحانی فنڈ میں جمع کروا کر چیک کروا سکتا ہے۔

## بک بینک:

کالج کی لائبریری کے علاوہ ایک بک بینک بھی قائم کیا گیا ہے۔بک بینک میں کالج کے طالب علم، پروفیسر صاحبان اور شہری کتابیں بطور عطیہ پیش کرتے ہیں۔بک بینک میں نصاب کی کتابیں موجود ہیں۔بک بینک سے مستحق طلبہ کو دو سال

کے لیے کتابیں جاری کی جاتی ہیں، تاکہ وہ ان کتب سے پوری طرح استفادہ کرسکیں۔

## کالج کی علمی مجالس:

کالج ہذا میں ڈبیٹنگ سوسائٹی کے علاوہ مجلس اقبال، اسلامک سوسائٹی، بزم شیرانی، بزم علوم اسلامیہ، نظریہ پاکستان سوسائٹی، سائنٹیفک سوسائٹی، اور اکنامکس / کامرس سوسائٹی تشکیل دی گئی ہیں۔ ان کے ذریعے سال بھر کالج میں صحت مندانہ علمی اور ثقافتی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں۔ ان سرگرمیوں سے طلبہ کی ادبی، تحریری اور تقریری صلاحیتوں کو جلا ملتی ہے۔ اچھے طلبہ اور مقررین کو خصوصی انعامات سے بھی نوازا جاتا ہے۔

## مارل گروپس/ہاؤسز:

کالج طلباء کو 16 ہاؤسز اور طالبات کو 11 ہاؤسز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر ہاؤس کا الگ ٹریک سوٹ اور فلیگ ہے ان ہاؤسز کے درمیان سپورٹس اور تقریری مقابلہ جات کروائے جاتے ہیں۔

## نظریہ پاکستان سوسائٹی:

سوسائٹی کے تحت نظریہ پاکستان، تحریک پاکستان اور اس سے متعلق مختلف شخصیات کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے اور نمائش بھی ترتیب دی جاتی ہیں۔

**انجمن ہلال احمر:** یہ سوسائٹی مستحق طالب علموں کو کتابیں اور کالج یونیفارم مہیا کرتی ہے۔

**طبی امداد کی سہولت:** طلبہ کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے لیے کالج میں ڈسپنسری قائم ہے جو ایک جز وقتی ڈاکٹر اور ایک تربیت یافتہ ڈسپنسر کے تحت کام کر رہی ہے۔

## مطبوعات:

**مرغزار:** کالج میں طلبہ کا ایک علمی و ادبی مجلّہ ''مرغزار'' کے نام سے موجود ہے۔ جس میں طلبہ اور اساتذہ اپنی نگارشات پیش کرتے ہیں۔ اہم مواقع پر اس کے خصوصی نمبر بھی شائع کئے جاتے ہیں۔

**اطلاعات:** یہ کالج کا مختصر اطلاع نامہ ہے۔ جو تقریباً تین ماہ میں ایک دفعہ چھپتا ہے۔ اس میں کالج میں ہونے والی سرگرمیوں کا ذکر ہوتا ہے۔ مختلف سوسائیٹز کالج میں ہونے والی اپنی سرگرمیوں کا اس میں ذکر کرتی ہیں۔

## کالج کونسل:

کالج کے تمام اہم معاملات اور مسائل کالج کونسل طے کرتی ہے۔ جس کے سربراہ کالج کے پرنسپل ہیں۔ یہ کونسل نظم و ضبط، کالج واجبات، تعلیم و تدریس اور قواعد و ضوابط کے بارے میں اپنی سفارشات پرنسپل صاحب کو پیش کرتی ہے۔ جن پر منظوری کے بعد عمل درآمد ہوتا ہے۔ جو طلبہ نظم و ضبط کی پابندی نہیں کریں گے اور غیر اخلاقی، سیاسی اور تخریبی سرگرمیوں میں ملوث ہوں گے ان کے خلاف کالج کونسل تادیبی کارروائی کرنے کی مجاز ہے۔ جس میں خصوصی جرمانہ اور کالج سے اخراج بھی شامل ہے۔ جو طلبہ امتحانات میں ناجائز ذرائع استعمال کرنے کے مرتکب ہوں گے ان کو کالج کونسل مناسب سزا دینے کی مجاز ہے۔

## ٹیسٹ سیشن:

2022ء سے کالج میں انٹر کی تمام کلاسز کے ٹیسٹ سیشن کا آغاز کیا گیا۔ جسے پنجاب کے تعلیمی حلقوں میں بہت سراہا گیا ہے۔ ٹیسٹ سیشن یکم جنوری سے 30 اپریل تک جاری رہتا ہے۔

## ہاسٹل میں داخلہ کے قواعد وضوابط:

1۔ ہاسٹل میں داخلہ کے لیے فارم کالج کے دفتر سے مل سکتا ہے۔ درخواست فارم کالج میں داخلے کے فوراً بعد جمع کرانا ہوگا۔

2۔ ہاسٹل انتظامیہ مقررہ قواعد کے تحت کمرے الاٹ کرتی ہے۔

3۔ رہائشی طلبہ اپنے کمرے کی ہر چیز کی حفاظت کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

4۔ ہاسٹل، تعطیلات میں خالی کرالیا جائے گا۔

5- ہاسٹل میں رہائش پذیر طلبہ کی روزانہ 7:00 بجے صبح اور 9:00 بجے شام حاضری لگائی جاتی ہے۔ ایک غیر حاضری کا دس روپیہ جرمانہ ہوگا۔ جو طالب علم بغیر کسی اطلاع کے مسلسل سات دن تک ہاسٹل سے غیر حاضر رہے گا اس کا نام ہاسٹل سے خارج کر دیا جائے گا۔

ممنوعات: ہاسٹل میں درج ذیل ممنوعات ہیں۔

1۔ ہاسٹل پراپرٹی کو نقصان پہنچانا۔
2۔ ہاسٹل میں پالتو جانور، زیور یا بڑی رقوم کا رکھنا۔
3۔ ہاسٹل میں تاش کھیلنا، ریڈیو بجانا یا ہیٹر جلانا۔
4۔ آتشیں اسلحہ یا چاقو وغیرہ رکھنا۔
5۔ بغیر اجازت مہمان کا ٹھہرانا۔

نوٹ: اگر کوئی چیز مندرجہ بالا قوانین میں نہیں آتی تو بعد میں با اجازت کالج کونسل شامل کی جاسکتی ہے۔

## ہاسٹل واجبات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1- | ہاسٹل فیس | -/60روپے سالانہ | 2- | متفرق اخراجات | -/10000روپے سالانہ |
| 3- | میس سیکورٹی | -/4000روپے (قابل واپسی) | 4- | ٹوٹ پھوٹ کے اخراجات | -/3000روپے سالانہ |
| 5- | ہاسٹل سیکورٹی | انٹر 1000 روپے، بی ایس 2000 روپے | | | |

# نہایت اہم ہدایات

☆ کالج میں طلباء کوسیاسی سرگرمیوں اوراسلحہ لانے کی اجازت نہیں ہے۔خلاف ورزی پر کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

☆ طلبہ کا کالج میں چادر / گرم شال کا استعمال ممنوع ہے۔

☆ کالج سے اخراج کے بعد دوبارہ داخلے کا مقررہ وقت کے اندر صرف ایک ہی موقع ہوگا۔ دوسری دفعہ اخراج کے بعد داخلے کی اجازت نہیں ہے۔

☆ طلبہ کالج یونیفارم کی پابندی کریں گے۔بغیر یونیفارم کالج/کلاس میں داخلے کی اجازت نہ ہوگی۔

☆ طلبہ اپنا کالج شناختی کارڈ اپنی شرٹ پر لگائے یا گلے میں لٹکائے بصورت دیگر خصوصی جرمانہ ہوگا۔

☆ سوچ بچار کر کے مضامین کا انتخاب کریں۔ بعد میں مضمون تبدیل کرنے کی اجازت نہ ہوگی اور نہ ہی ادارہ ذمہ دار ہوگا

☆ طلبہ کلاسز میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔75% سے کم حاضری کی وجہ سے بورڈ/ یونیورسٹی کا داخلہ روک لیا جائے گا

☆ طلبہ وطالبات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ گھر کا پتہ اور موبائل /واٹس ایپ نمبر داخلہ فارم میں وہ درج کریں جس پر کالج کی جانب سے دی گئی اطلاع فوری طور پر موصول ہو سکے۔کالج کے دوسالہ قیام کے دوران موبائل /واٹس ایپ نمبراور ای میل ایڈریس قطعاً تبدیل نہ کیا جائے۔

# GOVT. GRADUATE COLLEGE, CIVIL LINES, SHEIKHUPURA

## Co-Curricular Activities
## ( Sports, Speeches, Debates, Painting etc)

### Male Students Houses

| | | | |
|---|---|---|---|
| BS Zoology (Ibn-e-Sina) | BS Chemistry (Jabir Bin Hayan) | BS Physics (Dr. Qadeer Khan) | BS Mathematics (Khawarzmi) |
| BS IT (Arfa Karim) | BS English (Anwar Hussain Syed) | BS Urdu (Dr. Muhammad Iqbal) | BS Islamic Studies (Imam Bukhari) |
| BS Political Science (Ibn-e-Khaldoon) | BS Economics (MehboobUlHaq) | Commerce B.Com I & II I.Com I & II (Adam Smith) | ICS I & II Year (Sir Syed) |
| FSC-1st Year (Ibn-e-Haisam) | FSC-2nd Year (Al Beruni) | F.A-1st Year (Quaid-e-Azam) | F.A-2nd Year (Sir Syed) |


### Female Students Houses

| | | | |
|---|---|---|---|
| BS Zoology (Ibn-e-Sina) | BS Chemistry (Jabir Bin Hayan) | BS Physics (Dr. Qadeer Khan) | BS Mathematics (Khawarzmi) |
| BS IT (Arfa Karim) | BS English (Anwar Hussain Syed) | BS Urdu (Dr. Muhammad Iqbal) | BS Islamic Studies (Imam Bukhari) |
| BS Political Science (Ibn-e-Khaldoon) | BS Economics (MehboobUlHaq) | Commerce B.Com I & II (Adam Smith) | |

# ای روزگار

"ڈیجیٹل دور کی تیاری — ہنر مندی اور کاروباری خوابوں کی تکمیل!"

(آن لائن روزگار اور ٹیکنالوجی کی تربیت سے نوجوانوں کو بااختیار بنانا۔)




# ڈسپنسری

"صحت کی دیکھ بھال، ہمارا اولین وعدہ — ہر طالب علم کو محفوظ اور توانا رکھنا!"

(جدید سہولیات کے ساتھ ہمہ وقت دستیاب۔)







# سیمینار روم

"مکالمے کی روشن فضا، جہاں خیالات کو پروان چڑھایا جاتا ہے!"
(تعلیمی مباحثوں اور تخلیقی سرگرمیوں کا جدید ترین پلیٹ فارم)





# لائبریری

"علم کے سمندر تک رسائی، سکون اور سیکھنے کا بے مثال مرکز!"
(دنیا بھر کی کتابوں کے ساتھ آپ کی علمی تسکین کا ذریعہ۔)





# گورنمنٹ گریجویٹ کالج سول لائنز شیخوپورہ

میڈیکل/نان میڈیکل/ آئی سی ایس/ آرٹس/ کامرس

## درخواست داخلہ برائے سال اول

## مارننگ / ایوننگ

فوٹو

(گوند سے چسپاں کریں)

دفتر پر کرے گا

اوپن میرٹ/خصوصی استحقاق کھیل/معذور

کالج رول نمبر

بلڈ گروپ ________

میٹرک رجسٹریشن ________

1- نام (اُردو) ________ (انگریزی) ________

2- طالب علم کا شناختی کارڈ/ب فارم نمبر

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | — | | | | | | | | — | | | | | |

3- والد کا نام (اُردو) ________ (انگریزی) ________

4- والد/ سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | — | | | | | | | | — | | | | | |

5- والد/ سرپرست کا پتہ ________

6- طالب علم کا موبائل نمبر اور واٹس ایپ ________ والد کا موبائل نمبر ________

7- مجوزہ اقامت (i) کالج ہاسٹل مذہب ________ ڈومیسائل ________

8- تاریخ پیدائش (جو سیکنڈری سکول میں درج ہے) ________ جنس: مرد ☐ عورت ☐

9- امتحانات کے نتائج

| امتحانات کے نتائج | سال | رول نمبر | سالانہ I-II سپلیمنٹری | حاصل کردہ نمبر | کل نمبر | مضامین | ادارہ جہاں سے امتحان پاس کیا ہو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آرٹس/ سائنس سیکنڈری سکول | | | | | | | |

| 10- مضامین جو آپ پڑھنا چاہتے ہیں | 1-انگریزی 2-مطالعہ پاکستان و اسلامی تعلیمات | 3- | | 5- | 6- |
|---|---|---|---|---|---|

11- خصوصی استحقاق سے متعلق دستاویزات کی تفصیل ________

12- عارضی داخلہ کی سفارش کی جاتی ہے۔ داخل کیا جائے

ممبر داخلہ کمیٹی انچارج داخلہ کمیٹی

کنوینر داخلہ کمیٹی وائس پرنسپل/ رجسٹرار

.......................................................................................................

نام: ________ ولدیت: ________

کلاس: ________ گروپ: ________ حاصل کردہ نمبر ________ فائل نمبر ________

داخلہ فارم وصول پایا دستخط کلرک ________ تاریخ ________

# حلف نامہ

۱۔ میں اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ میں نے اپنے والدین/سرپرست کی رضامندی سے داخلہ کے لیے فارم جمع کرایا ہے۔

۲۔ میں یہ بھی اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ گزشتہ سال میں نے کسی کالج، یونیورسٹی میں انٹرمیڈیٹ یا ڈگری کلاس کے لیے داخلہ نہیں لیا۔ اگر کسی مرحلہ پر یہ بات ثابت ہو جائے تو میرا داخلہ منسوخ کر دیا جائے اور واجبات ضبط کر لیے جائے۔ میں مزید اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ میں نے تمام شرائط وضوابط پڑھ لیے ہیں اور میں ان کی پابندی کروں گا/ گی۔

۳۔ میں اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ نہ مجھے کسی کالج سے نکالا گیا ہے، نہ ہی میں کسی غیر قانونی سرگرمی میں حصہ لیا ہے اور نہ ہی میرے خلاف اس ضمن میں کوئی کاروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

۴۔ میں اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ میں کسی ادارہ/ دفتر وغیرہ میں عارضی/ مستقل ملازم نہیں ہوں۔

۵۔ میں حلفیہ اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ میں کالج میں تعلیم کے دوران کسی سیاسی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لوں گا/ گی۔ اگر ایسا ہوا تو کالج انتظامیہ کو میرا داخلہ منسوخ کرنے کا اختیار ہے۔

۶۔ ہم والدین/ سرپرست بھی حلفیہ اقرار کرتے ہیں کہ ہم اپنے بیٹے/ بیٹی وغیرہ کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کے ذمہ دار ہوں گے۔

۷۔ ہم والدین/ سرپرست حلفاً کہتے ہیں کہ ہمارا بیٹا/ بیٹی کسی سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا/ لے گی۔ اگر پیش کردہ کاغذات جعلی/ غلط پائے گئے تو کالج انتظامیہ کو اختیار ہو گا کہ ہمارے بیٹے/ بیٹی کا داخلہ منسوخ کر دے اور اس کے خلاف کاروائی کرے۔

دستخط امیدوار ______________________ دستخط والد/ سرپرست ______________________

مندرجہ ذیل تصدیق شدہ نقول اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں

(۱) میٹرک اور انٹرمیڈیٹ رزلٹ کارڈ کی دو، دو کاپیاں (۲) چال چلن کا سرٹیفکیٹ

(۳) طالب علم کا شناختی کارڈ/ ب فارم (۴) والد/ سرپرست کا شناختی کارڈ

(۵) چار عدد تصاویر پاسپورٹ سائز "1.5×2" سفید بیک گراونڈ (۶) دوسرے بورڈ/ یونیورسٹی سے امتحان پاس کرنے والے "NOC" اصلی ساتھ لگائے

نوٹ: انٹرویو کے وقت اصل سند، سرٹیفکیٹ پیش نہ کرنے پر داخلہ کی درخواست مسترد کر دی جائے گی۔

